اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، وہ وقت بہت ہی نزدیک ہے، جب تمہارے درمیان مریم کا بیٹا اترے گا اس وقت وہ منصف حاکم ہوگا صلیب توڑ دے گا خنزیر کو قتل کرے گا جزیہ ختم کر دے گا مال کی اس قدر بہتات ہوگی کے کوئی اسے قبول نہیں کرے گا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کے اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، وہ وقت بہت ہی نزدیک ہے، جب تمہارے درمیان مریم کا بیٹا اترے گا اس وقت وہ منصف حاکم ہوگا صلیب توڑ دے گا خنزیر کو قتل کرے گا جزیہ ختم کر دے گا مال کی اس قدر بہتات ہوگی کے کوئی اسے قبول نہیں کرے گا"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم قسم کھاکر بتا رہے ہیں کے عیسی علیہ السلام کے اترنے کا وقت بہت نزدیک ہے وہ لوگوں کے درمیان شریعت محمدی کے مطابق انصاف کے ساتھ حکومت چلائیں گے وہ صلیب توڑ دیں گے، جس کی نصاری تعظیم کرتے ہیں، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ ختم کر دیں گے اور سارے لوگوں کو اسلام قبول کرنے پر آمادہ کریں گے اس وقت مال و دولت کی اتنی بہتات ہوگی, ہر آدمی کے پاس اتنا پیسہ ہوگا اور اتنی برکتیں اتریں گی کے کوئی مال قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوگا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65025